23

پانی

جاندار پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔

پانی کی اہمیّت



پانی کے قدرتی ذرائع

جھیل



آبشار

گلیشیئر

سمندر

نلکا



ٹیوب ویل

دریا

پہاڑوں پر پڑنے والی برف جب پگھلتی ہے تو پانی دریاؤں میں آ جاتا ہے۔ دریاؤں سے نہریں نکالی جاتی ہیں۔ نہروں سے پانی کھیتوں کو دیا جاتا ہے۔ کھیتوں میں پانی کے استعمال سے طرح طرح کی فصلیں اُگائی جاتی ہیں۔ ہماری زمین کے اندر بھی پانی موجود ہے۔ ہم ٹیوب ویل کے ذریعے زمین سے پانی نکالتے ہیں اور کھیتی باڑی کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ زیرِ زمین پانی کو ٹیوب ویل کے ذریعے نکال کر ٹینکیوں میں بھی ذخیرہ کر لیا جاتا ہے۔ ٹینکیوں سے پائپوں کے ذریعے پانی گھروں تک پہنچا دیا جاتا ہے۔ پانی ایک نعمت ہے۔ اسے ضائع نہ کریں۔

پانی کا استعمال

برتن دھونے کے لیے

نہانے کے لیے

کپڑے دھونے کے لیے



چیزیں دھونے کے لیے

پینے کا صاف پانی

پانی کی بوتلیں

محلّے میں نصب پانی صاف کرنے کا پلانٹ

مشق

1- درج ذیل سوالات کے جوابات دیں:

(i) پانی کے تین قدرتی ذرائع کے نام بتائیں۔

(ii) کھیتی باڑی کے لیے پانی کہاں سے حاصل کیا جاتا ہے؟

(iii) گھروں میں پانی کن مقاصد کے لیے استعمال کیا جاتا ہے؟

2- مندرجہ ذیل الفاظ کی مدد سے خالی جگہ پُر کریں:

ٹینکیوں	پانی	جاندار	نہریں	ٹیوب ویل

(i) تمام .... پانی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتے۔

(ii) پانی .... میں محفوظ کیا جاتا ہے۔

(iii) فصلوں کے لیے .... ضروری ہے۔

(iv) دریاؤں سے .... نکالی جاتی ہیں۔

(v) زمینی پانی کو .... کی مدد سے نکالا جاتا ہے۔

سرگرمی

والدین یا ٹیچر کی مدد سے "پانی ایک نعمت ہے" کے عنوان پر تقریر یاد کریں اور تقریری مقابلہ میں سنائیں۔

ہدایات برائے اساتذہ

1- بچوں کو پانی کی بچت کی اہمیّت سے آگاہ کیا جائے۔ نیز پانی کو ضائع نہ کرنے کے طریقے بتائے جائیں۔

2- پانی کو اُبال کر پینے کی اہمیّت سے آگاہ کیا جائے۔

3- "پانی ایک نعمت ہے" کے موضوع پر بچوں میں تقریری مقابلے کا انعقاد کیا جائے۔